اہلبیتؑ کی اُردو/ پنجابی مناقب کا حسین مجموعہ

خزینۂ مودّت

مصلحِ ملت
ابو احمد چشتی
محمد مقصود مدنی

ناشر اِدارہ نورالاسلام فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلبیت علیہم السلام کی اردو/پنجابی مناقب کا حسین مجموعہ

خزینۂ مودّت

ابو احمد، مصلح ملت پیر، محمد مقصود مدنی

ناشر: ادارہ نور الاسلام، فیصل آباد

سلسلہ اشاعت: 105

تاریخ اشاعت: نومبر 2022ء

ہدیہ:

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں:

نام کتاب: خزینۂ مودّت

شاعر: پیر محمد مقصود مدنی

کمپوزنگ: ''ماہوزا'' کمپوزنگ سینٹر، فیصل آباد

تزئین: علی حسن زیدی

پروف: محمد شعیب احسن مدنی

سرِورق: چشتی گرافکس

بائنڈنگ: محمد عمران

مطبع: زیدی لیزر پرنٹنگ، فیصل آباد 0300-6619124

ناشر: ادارہ نور الاسلام، فیصل آباد

اہتمام: ماہوزا قائم شدہ 1981ء اہلِ قلم کا اشاعتی ادارہ

_____O_____

انتساب

آئمہ اہلِ بیت علیہم السّلام

کے نام

خاکِ درِ پنجتن

محمد مقصود مدنی

ترتیب

}۔ پیش لفظ	محمد مقصود مدنی	11

---

o)۔ نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	13
o)۔ پنجتن دے دَر تے آجا	16
o)۔ حسنین دے نانے دا	18
o)۔ زہرا دا بابا	20
o)۔ حضرت سیّدنا عبداللہ علیہ السلام	22
o)۔ سیّدنا عبداللہ علیہ السلام	24
o)۔ منقبت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا	26
o)۔ آمنہ سلام اللہ علیہا ہیں طیّبہ	28
o)۔ سادات کا گھر نُوری	30
o)۔ شان والے اہلِ بیت علیہم السلام	32
o)۔ مرا ایمان پنجتن علیہم السلام	34
o)۔ حُبّ اہلِ بَیت علیہم السلام	36
o)۔ اہلِ بیتِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	38
o)۔ پنجتن کا غلام ہوں	40
o)۔ شانِ پنجتن علیہم السلام	43

o۔	فیض نرالا پنجتن علیہم السلام دا	45
o۔	بہار پنجتن علیہم السلام	47
o۔	اہلِ بیتِ مُصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	48
o۔	نبی دی آل علیہم السلام	50
o۔	پنجتن علیہم السلام پاک دا کرم	51
o۔	علی مولا کی اُلفت کا اُجالا	52
o۔	مُصطفٰی کے دِلرُبا علیہ السلام	54
o۔	مُشکل کُشا مولا علی علیہ السلام	56
o۔	علی مولا کی عظمت	58
o۔	راہِ حق کے رہنما	60
o۔	محبت علی علیہ السلام سے	62
o۔	مُشکل کُشا حیدر علیہ السلام	64
o۔	ہیں تاجدارِ ھل اتی	66
o۔	علی علیہ السلام مولا کی اُلفت	68
o۔	ولائے حیدرِ کرّار علیہ السلام	70
o۔	مولائے کائنات علیہ السلام	72
o۔	علی علی ہے	74
o۔	آج آمدِ ہے مولا علی کی	76
o۔	علی دے بوہے	78
o۔	نامِ علی علیہ السلام	81
o۔	علی علیہ السلام علی علیہ السلام	83

o)۔ علی علیہ السلام لجپال مرا 85
o)۔ مولا علی علیہ السلام دے عاشق 87
o)۔ علی علیہ السلام لجپال کردا 88
o)۔ عشقِ علی علیہ السلام وچ 89
o)۔ علی علیہ السلام امام اماماں دا 90
o)۔ علی علیہ السلام علی علیہ السلام دے نعرے 90
o)۔ جگ دے پیر علی علیہ السلام دی 91
o)۔ علی علیہ السلام دی امامت 91
o)۔ علی علیہ السلام علی علیہ السلام ہر کوئی کردا 92
o)۔ وچ نماز علی علیہ السلام 92
o)۔ سُورج پچھے مُوڑے 93
o)۔ علی علیہ السلام داناں 93
o)۔ سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا 94
o)۔ زہرا بتول سلام اللہ علیہا 96
o)۔ بیٹی رسول کی 97
o)۔ رسول کا ہے قرار زہرا سلام اللہ علیہا 99
o)۔ کرم یا سیّدہ سلام اللہ علیہا 101
o)۔ زہرا بتول سلام اللہ علیہا 103
o)۔ پیاری سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا 105
o)۔ مقامِ سیدہ سلام اللہ علیہا 105
o)۔ پاک بتول سلام اللہ علیہا کی عظمت 106

o)۔ جنابِ سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا 106

o)۔ تازہ کلی زہرا سلام اللہ علیہا 107

o)۔ جنابِ سیدہ سلام اللہ علیہا 107

o)۔ خدا کی بندگی میں 108

o)۔ مرے محبوب کی بیٹی سلام اللہ علیہا 108

o)۔ سیدِ عالم کی شہزادی سلام اللہ علیہا 109

o)۔ ہو بہو تصویر احمد کی 109

o)۔ جانِ احمد کی ہیں راحت 110

o)۔ سیدہ زہرا بتول سلام اللہ علیہا 110

o)۔ راز دارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 111

o)۔ دُخترِ خیر الوراٰی 111

o)۔ مالکِ ملکِ جناں ہیں 112

o)۔ امِ آلِ مصطفےٰ 112

o)۔ اُجالا سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا 113

o)۔ ارفع و اعلیٰ شان کی مالک 113

o)۔ اوہ حسنین دی ماں ایں 114

o)۔ جبرائیل چلاوے چکی 114

o)۔ گھر زہرا سلام اللہ علیہا دا 115

o)۔ آل اطہار نبی دی 115

o)۔ بتول سلام اللہ علیہا دے گھر وچ 116

o)۔ عطائیں کرتی ضرور زہرا سلام اللہ علیہا 116

o)۔ سلام بحضور شہزادیٔ کونین سلام اللہ علیہا 117
o)۔ سلام بحضور سیدہ سلام اللہ علیہا 119
o)۔ امامِ حسن علیہ السلام 122
o)۔ حسن ابن حیدر علیہ السلام 124
o)۔ سلام بحضور امام حسن علیہ السلام 126
o)۔ واریا کنبہ حُسین علیہ السلام نے 129
o)۔ بیڑی کنڈے تے لائی اے شبیر علیہ السلام نے 131
o)۔ دو ہتا نبی دا پچھڑ کے 133
o)۔ جنت دے والی 135
o)۔ موت یزید دی 137
o)۔ کربل والے دی نماز 137
o)۔ کربل دے وچ آکے 138
o)۔ تھاں تھاں در کھلارے 138
o)۔ کربل ملی سوہنے سید 139
o)۔ کوثر دا والی حسین 139
o)۔ اِک دھی وچ مدینے 140
o)۔ کربل والا پیر 140
o)۔ ناں کوئی ویر حسین جہیا 141
o)۔ لعل علی دے 141
o)۔ حُسین علیہ السلام دی اے 142
o)۔ کربلا دے خونی میدان 143

o۔ قُربان کیتا 144📖
o۔ حال کربلا دا 145📖
o۔ بیمار دے نال 146📖
o۔ نام حسین علیہ السلام دا 147📖
o۔ امام زین العابدین علیہ السلام 148📖
o۔ امام محمد باقر علیہ السلام 150📖
o۔ امام جعفر صادق علیہ السلام 152📖
o۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام 154📖
o۔ امام علی رضا علیہ السلام 156📖
o۔ امام محمد تقی علیہ السلام 158📖
o۔ امام علی نقی علیہ السلام 160📖
o۔ امام حسن عسکری علیہ السلام 162📖
o۔ امام مہدی علیہ السلام 164📖
o۔ حضرت ابُو طالب علیہ السلام 166📖
o۔ نُوری آئینہ 168📖
o۔ سند ایمان دی 169📖
o۔ چاچا رسولِ مختار دا 170📖
o۔ پہلا نعت خوان 171📖
o۔ ایمان دی گل 172📖
o۔ حضرت فاطمہ بنتِ اسد سلام اللہ علیہا 173📖
o۔ سلام 175📖

✡✡✡✡✡

پیش لفظ

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم اَمَّا بَعْدُ۔

فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم O

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلِ بیتِ رسول کی مودّت مسلمانوں پر فرض فرمائی ہے۔ اہلِ اِسلام ہمیشہ سے ہی خاندانِ نُور کے حضور خراجِ عقیدت و مودّت پیش کرتے آئے ہیں۔ سیّدِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نعت میں تذکرۂ اہلِ بیت اہلِ محبت کا طریق رہا ہے۔

منقبت نگاری کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو اوّلین شخصیت حضرتِ حسّان بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ ہیں جنہوں نے حضرتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی منقبت کہی بعد ازاں اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مناقب کثرت سے کہی جاتی رہیں۔

میرا تعلق و بستانِ حضرتِ علّامہ صائم چشتی سے ہے اِس لیے مجھے بھی ان مبارک شخصیات کی مناقب کہنے کا شرف حاصل ہُوا اور مَیں نے ان کے راستے پر چلتے ہوئے آل و اصحاب کے حضور خراجِ عقیدت پیش کیا۔

ہماری نعتیہ کُتب کا ایک حصّہ بطورِ خاص مناقب کے لیے مخصوص ہوتا ہے۔ہم نے ان تمام مناقب کو یکجا کر کے خزینۂ مودّت میں جمع کر دیا ہے تا کہ اہلِ محبت اپنے ذوق کی تسکین کر سکیں۔

اِس سلسلہ میں ترتیب کا کام میرے بیٹے صاحبزادہ محمد شعیب احسن مدنی نے نہایت احسن طریقہ سے سرانجام دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ جن نفوسِ قُدسیہ کے حضور گُلہائے عقیدت پیش کیے ہیں اُن کے صدقے میرے والدین، ساس سُسر، بھائی، بھتیجے اور اہلِ خاندان کے لیے نجاتِ اُخروی کا سامان بنائے۔(آمین!)

فرض ہے آلِ محمد کی مودّت فرض ہے
ہم پہ یہ مقصودؔ پیارے مصطفیٰ کا قرض ہے

محمد مقصودؔ مدنی

نعتِ رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

سید و سرور محمد نورِ جاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

سارے پھولوں میں ہے رنگِ مصطفائی کی جھلک
سارے تاروں میں ہے پیارے کملی والے کی چمک
آفتاب و ماہ میں ہے ان کی ہی نوری دھمک
نورِ اوّل کی یہ پہلی داستان کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

جس نے لینا ہے کرم اللہ کا طیبہ چلو
میرے آقا رکھتے ہیں سب کا بھرم طیبہ چلو
ختم ہو جائیں گے سب درد و الم طیبہ چلو
یہ خدائے پاک کے اعلیٰ نشاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

اس درِ اقدس سے ہم نے خلد کی پائی گلی
روضہ اقدس پہ دیکھے سر جھکائے سب ولی
اس در اقدس کا دیتے فیض ہیں مولا علی
لَحْمُكَ لَحْمِيْ کے یہ رازِ نہاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

اصل میں ہے مصطفیٰ کا در میرے مولا کا دَر
اور کملی والے کا ہے آستاں زہرا کا در
یہ حسین و حسن کا گھر ان کے نانا کا ہے گھر
اہلِ بیتِ مصطفیٰ کے گلستاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

مجھ کو آقا کے دَرِ اقدس سے ہے سب کچھ ملا
ہے عبادت کے لیئے مجھ کو ملا میرا خدا
اور محبت کے لئے مجھ کو ملے ہیں مرتضیٰ
تجھ کو واعظ کیا خبر کے یہ کہاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

ہجر طیبہ میں ہمیشہ میرا دل روتا رہا
آنسوؤں سے اپنے دل کو میں صدا دھوتا رہا
صائم چشتی کا مجھ پہ یوں کرم ہوتا رہا
نعت میں مقصودؔ شاہِ دو جہاں کی بات ہے
مصطفیٰ کے نُوری نُوری آستاں کی بات ہے

☼☼☼☼☼

پنجتن دے دَر تے آ جا

جے چاہندا ایں عطاواں پنجتن دے دَر تے آ جا
مِل جاندیاں پناہواں پنجتن دے دَر تے آجا

ایہناں دے دَر توں منگتا خالی کدی نہ جاوے
کر دے سخی سخاواں پنجتن دے دَر تے آ جا

پنجتن دے در دے نوکر جنتاں دے محل ونڈ دے
مَن رب دیاں رضاواں پنجتن دے دَر تے آ جا

ایہہ رب دے رب انہاں دا گل من ایہناں دی یارا
مُک جان سب خطاواں پنجتن دے در تے آ جا

پنجتن دے دَر دے اُتّوں رج دی اے سب خُدائی
حق سچ دی گل سُناواں پنجتن دے دَر تے آ جا

مقصودؔ نوں جو ملیا ایہناں دے دَر توں مِلیا
تائیوں تے میں بلاواں پنجتن دے دَر تے آ جا

☼☼☼☼☼

حسنین دے نانے دا

کھاہدا اے زمانے سارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا
لیا نور ہے تارے تارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

ہر نبی ولی نے سوہنے دے دربار توں منگیا ہر ویلے
رب سب دے سینے ٹھارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

سب دنیا اتے دھم پئ سرکار دی کرم نوازی د ی
رب ڈبے بیڑے تارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

محبوب دے نور تھیں رب سوہنے چن سورج نوں چمکایا اے
ایہہ سارے نور نظارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

جنت وی بنائی سوہنے لئی عرشاں نوں وی زینت دتی اے
رب گلشن کل نکھارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

رب توں مقصود جدوں منگیا اللہ نے کرم کما کے تے
بھر دیتاں کنیاں چارے نے صدقہ حسنین دے نانے دا

☼☼☼☼☼

زہرادابابا

عطا تے عطا کر دا زہرا دا بابا
کرم بے بہا کر دا زہرا دا بابا

اوہدے ہتھ خدا سوہنے دتیاں شفاواں
غماں دی دوا کر دا زہرا دا بابا

نہ گورے نہ کالے نوں ویکھے اوہ سب دے
ہے دل پُر ضیاء کر دا زہرا دا بابا

مرے مولا! اُمت مری بخش دیویں
ہے رو رو دعا کر دا زہرا دا بابا

بچا کے جہنم دی اگ کولوں سانوں
ہے کیسی سخا کر دا زہرا دا بابا

حلیمہ دے دے آون تے چادر وچھا کے
وفا تے وفا کر دا زہرا دا بابا

سوالی جو مقصودؔ در اتے آوے
ہر اِک دا بھلا کر دا زہرا دا بابا

☼☼☼☼☼

منقبت

حضرت سیّدنا عبداللہ علیہ السلام

رب سے مِلی ہے شان و عظمت سیّدنا عبداللہ کو
مِلی ہے دیکھو خاص کرامت سیّدنا عبداللہ کو

آپ کے ماتھے پہ تھا چمکا رَبِّ جہاں کا نُور
کیسا مِلا ہے نُور و طلعت سیّدنا عبداللہ کو

اُن کو ہر اِک شِرک سے رب نے خود محفوظ کِیا
تھی توحید سے خاص ہی نسبت سیّدنا عبداللہ کو

وادیٔ بطحا میں تھی اُن کے حُسن کی ہوتی بات
خاص مِلی تھی رب سے برکت سیّدنا عبداللہ کو

اللہ کی توحید کا عِرفاں اُن کو حاصِل تھا
مِلا تھا نُور بھی قبل بعثت سیّدنا عبداللہ کو

اُن کی شان کی نغموں کی ہے خُلدِ عدَن میں گُونج
پیار ہے کرتی رب کی جنت سیّدنا عبداللہ کو

مَیں مقصودؔ غُلام ہوں اُن کا اُن کے دَر کا سائل ہوں
پیش ہے کی اشکوں کی مدحت سیّدنا عبداللہ کو

☼☼☼☼☼

سیّدنا عبداللہ علیہ السلام

رَب نے نُور دیا ہے اپنا سیّدنا عَبدُ اللہ کو
خُوب سے خُوب مِلا ہے رُتبہ سیّدنا عَبدُ اللہ کو

آمنہ پاک کے حصّے میں تھی قُربت والد احمد کی
بہت سی عورتوں نے تھا چاہا سیّدنا عَبدُ اللہ کو

حُسن و جمالِ عبداللہ کو دیکھنے والے حیراں تھے
ایسا حُسن خُدا نے بخشا سیّدنا عَبدُ اللہ کو

اِن کے دَر پر آنے والا منگتا دامن بھرتا ہے
ربّ نے ایسا دیا خزانہ سیّدنا عَبدُ اللہ کو

جب تھی قبر مبارک کھول کے دیکھی دُنیا نے
صَدیوں بعد بھی تازہ پایا سیّدنا عَبْدُ اللّٰہ کو

یہ مقصودؔ کے دِل کی دُعائیں اَشکوں کے یہ نذرانے
پیش غلام کا ہے یہ تُحفہ سیّدنا عَبْدُ اللّٰہ کو

☼☼☼☼☼

منقبت سیّدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

رحمتوں کا جہاں سَیّدہ آمنہ
شاہِ عالم کی ماں سَیّدہ آمنہ

نُورِ رَب آیا ہے جن کی آغوش میں
جانِ عالم کی جاں سَیّدہ آمنہ

جس کو ہے شک ہُوا تیرے ایمان میں
اُس میں ایماں کہاں سَیّدہ آمنہ

تیرے بیٹے کے قدموں میں جھُکتے ہیں سب
یہ زمین آسماں سَیّدہ آمنہ

تیرے سجدوں کی عظمت کو قرآن بھی
کر رہا ہے بیاں سیّدہ آمنہ

تیرے بیٹے کی ہیں دسترس میں سبھی
یہ مکاں لامکاں سیّدہ آمنہ

تیری تعریف مقصودؔ میں کر سکوں
میری ہمّت کہاں سیّدہ آمنہ

☼☼☼☼☼

آمنہ سلام اللہ علیہا ہیں طیّبہ

مُصطفیٰ کا نُور جن کو مِل گیا
آمِنہ ہیں طیّبہ ہیں ، طاہرہ

مرکزِ نُورِ محمد اُن کی ذات
اُن کی عظمت کا ہے ہر جا تذکرہ

وہ عفیفہ قبل بعثت بھی امیں
نُور خالق کا جبھی اُن کو مِلا

اُن کے دَر پہ ہے سلامی کے لیے
آمدِ حُور و مَلک کا سلسلہ

اُن کے دربارِ مُعلّیٰ کی طرف
جنتِ اعلیٰ کا سَر ہے جھُک گیا

اُن کے اوصافِ حمیدہ کا بیاں
رب نے خود قرآن میں فرمادِیا

میری بھی مقصودؔ قسمت بن گئی
آمِنہ کے دَر کا ہوں میں بھی گدا

☼☼☼☼☼

سادات کا گھر نُوری

سرکار کی نسبت سے سادات کا گھر نوری
اُس نوری شجر کا ہے ہر ایک شجر نوری

مجھ سے ہو بیاں ممکن کیا سیدہ زہرا کا
جھکتے ہیں جہاں قدسی زہرا کا وہ در نوری

حیدر کو کہا مِنّی سرکارِ دوعالم نے
حسنین ہیں زہرا کے دو رشکِ قمر نوری

وہ غوثِ زمانہ ہے سردار ہے ولیوں کا
چوروں کو قطب کرتی ہے جس کی نظر نوری

محفل ہے یہ پنجتن کی بیٹھے ہیں ادب سے سب
انوار کی بارش ہے پھیلائے ہیں پر نوری

آقا کی غلامی سے مقصوؔد بنا مدنی
جاتے ہیں جدھر عاشق آتے ہیں اُدھر نوری

❖⑤❖⑤❖⑤❖

شان والے اہلِ بیت علیہم السّلام

عظمت و رفعت کے ہیں نُوری حوالے اہلِ بیت
ساری امت سے ہیں بڑھ کر شان والے اہلِ بیت

آیتِ تطہیر جن کی عظمتوں کی ہے دلیل
پاک ہیں پاکیزہ تر سب سے نرالے اہلِ بیت

نُورِ اوّل کی ہیں کرنیں ضوفشاں ہر فرد میں
نور کے سانچے میں خالق نے ہیں ڈھالے اہلِ بیت

بچّہ بچّہ نور کا ہے بلیقیں سادات کا
نور کے صدقے میں سارے نور والے اہل بیت

جس نے کی تکریم اس دنیا میں آلِ پاک کی
دیں گے کوثر کے اسے بھر بھر پیالے اہل بیتؑ

موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جیتے ہیں یہ
ساری دنیا سے ہیں دل والے جیالے اہلِ بیت

گلشنِ سرکار مہکے گا یقیناً حشر تک
رحمتوں کے سائے میں رب نے ہیں پالے اہلِ بیت

ہوں میں مدّاحِ محمد اور غلام آلِ پاک
میرے سب درد و الم مقصودؔ ٹالے اہلِ بیت

☼☼☼☼☼

مرا ایمان پنجتن علیہم السّلام

ہیں دین پنجتن میرا ایمان پنجتن
سارا جہان جسم ہے اور جان پنجتن

پانچوں کا نور ایک ہے پانچوں کی بات ایک
دیتے ہیں سب کو ایک ہی فیضان پنجتن

کرتا ہوں مدحِ آلِ پیمبر ہر اک جگہ
ہوں پنجتنی ہے میری پہچان پنجتن

مرقوم ان کی عرشِ الٰہی پہ نام ہیں
اللہ کی عظیم ہیں برہان پنجتن

تطہیر جن کی خالقِ اکبر نے کی بیاں
پاکیزگی و شان کا عنوان پنجتن

مقصودؔ مجھ کو کس لئے محشر کا خوف ہو
بخشش کا میری جب کے ہیں سامان پنجتن

☼☼☼☼☼

حُبِّ اہلِ بیت علیہم السّلام

حُبِّ اہل بیت اپنے دل میں یوں رکھتا ہوں میں
پنجتن کے نام کی مالا سدا جھپتا ہوں میں

ہے ولائے آلِ احمد میرے دل میں یوں بسی
ذکرِ آلِ مصطفیٰ میں گم سدا رہتا ہوں میں

تازگی ایمان کو ہو جاتی ہے حاصل میرے
شان وعظمت آل کی قرآں میں جب پڑھتا ہوں میں

پنجتن کا آسرا ہے پانچ ہیں حامی مرے
مجھ کو جو بھی چاہیے اس در سے ہی لیتا ہوں میں

جب مجھے دنیا ستائے جب پریشانی پڑے
آلِ احمد کے درِ عالی پہ آ جاتا ہوں میں

پنجتن کی ہے غلامی کا شرف مجھ کو ملا
فخر ہے کہ آل کا منگتا ہی کہلاتا ہوں میں

جب بھی مدحِ آل اطہر لکھتا ہوں مقصودؔ میں
حضرتِ صائم کو اپنے پاس ہی پاتا ہوں میں

☼☼☼☼☼

اہلِ بیتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عظمتوں کا ہیں حوالہ اہلِ بیتِ مصطفےٰ
شان میں ہیں سب سے بالا اہلِ بیتِ مصطفےٰ

اہلِ بیتِ مصطفےٰ کی شان ہے قرآن میں
دین حق کا ہیں اُجالا اہلِ بیتِ مصطفےٰ

کی طلب ان کی مودۃ خود خدائے پاک نے
ساری دنیا سے ہیں اعلیٰ اہلِ بیتِ مصطفےٰ

ذکرِ اہلِ بیت ہی ہے بالیقیں ذکرِ خدا
ظلمتِ دل کا اُجالا اہلِ بیتِ مصطفےٰ

آل و اولادِ نبی کی شان ہے سب سے جدا
رفعتوں کا ہیں حوالہ اہلِ بیتِ مصطفےٰ

آل کے صدقے مری مقصودؔ بگڑی بن گئی
ہیں کرم کرتے نرالا اہلِ بیتِ مصطفےٰ

☼☼☼☼☼

پنجتن کا غلام ہوں

(تظمین:۔ میں تو پنجتن کا غلام ہوں)

میں تو پنجتن کا غلام ہوں
یہی کہہ رہا صبح شام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں

یہی گھر کے جس میں ہے مصطفیٰ
یہی گھر کے جس میں ہیں مرتضیٰ
یہی گھر کے جس میں ہے فاطمہ
اِسی گھر میں حسن و حسین ہیں
اِسی گھر کو کرتا سلام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں

یہی آستانِ رسول ہے
یہی آستانِ بتول ہے
اِسی دَر کا اعلیٰ اصول ہے
میرا سرمہ طیبہ کی دھول ہے
اِسی دَر سے لیتا کلام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں

درِ پنجتن پہ جھکا دو سر
درِ مصطفیٰ ہے خدا کا گھر
ہے بھٹکتا کیوں تو اِدھر اُدھر
تجھے دیتا حق کا پیام ہوں
مَیں تو پنجتن کا غلام ہوں

میرے پیر صائم کی ہے عطا
مجھے مل گیا ہے مرا خدا
ملے مصطفیٰ ملے مرتضیٰ
ہے ملی غلامیِ فاطمہ
جبھی بانٹتا درِ عام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں

مقصودؔ میری ہے التجا
کرو عشق آلِ رسول سے
کرو عشق حق کے اصول سے
یہ عمل خدا کو قبول ہے
اسی در سے لیتا میں جام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں

☼☼☼☼☼

شانِ پنجتن علیہم السلام

پنجتن پاک دی شان سبحان اللہ
ہیں سارے جہان دی جان پنجتن

اللہ پاک دی ذات دا ہین مظہر
اللہ پاک دی شان دی شان پنجتن

پنجتن پاک بدلے بنیاں جگ سارا
سارے عالم دے ہین سلطان پنجتن

کُنتُ کَنزً خزانے دے دے پنج ہیرے
کائنات دا ہیں عنوان پنجتن

اِکّو نُورِ محمدی وچ پنجاں
اللہ پاک ہین برہان پنجتن

احمد مجتبیٰ علی حسنین زہرا
کھٹے ہوون تے بن دا نشان پنجتن

پنجاں انگلیاں وانگ اے ہین کھٹے
میرا دین اسلام ایمان پنجتن

کائنات دا ہین مقصودؔ پنجے
دیندے ہین مقصودؔ نوں دان پنجتن

☼☼☼☼☼

فیض نرالا پنجتن علیہم السلام دا

فیض نِرالا پنجتن دا
ہَر تھاں اُجالا پنجتن دا

شان قرآن چہ دسدا اے
اللہ تعالیٰ پنجتن دا

نبی علی زہرا حسنین
گلشن اعلیٰ پنجتن دا

جنت وچ جے جاناں ایں
وِرد پکَا لا پنجتن دا

غوث قلندر بن دے نے
پی کے پیالہ پنجتن دا

سجناں دِل دی تختی تے
اِسم سَجا لا پنجتن دا

ہے مقصودؔ پچھان میری
اِکّو حَوالہ پنجتن دا

☼☼☼☼☼

بہار پنجتن علیہم السّلام

پنجتن پاک دے صدقے جہان وسدا
سارے عالم دی ہین بہار پنجتن

پنجتن پاک نوں جدوں وی یاد کرناں
کردے غماں دے بحر چوں پار پنجتن

پنجتن پاک حاکم سارے جگ اُتّے
کائنات دے ہین مختار پنجتن

پنجتن پاک نے مدنی مقصودؔ میرا
کردے دوہاں جہانوں وِچ پار پنجتن

☼☼☼☼☼

اہلِ بَیتِ مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عظمتوں کا ہیں حوالہ اہلِ بیتِ مصطفیٰ
شان میں ہیں سب سے اعلیٰ اہلِ بیتِ مصطفیٰ

اہلِ بیتِ مصطفیٰ کی شان ہے قرآن میں
دین حق کا ہے اُجالا اہلِ بیتِ مصطفیٰ

کی طلب ان کی مودت خود خدائے پاک نے
ساری دنیا سے ہیں اعلیٰ اہلِ بیتِ مصطفیٰ

ذکرِ اہلِ بیت ہی ہے بلقیں ذکرِ خدا
ظلمتِ دل کا اُجالا اہلِ بیتِ مصطفیٰ

آل و اَولادِ علی کی شان ہے سب سے جُدا
عظمتوں کا ہیں حوالہ اہلِ بیتِ مصطفیٰ

آل کے صدقے میری مقصود بگڑی بن گئی
ہیں کرم کرتے نرالا اہلِ بیتِ مصطفیٰ

☼☼☼☼☼

نبی دی آل علیہم السلام

اَیویں پیا مثلیت دے کریں دعوے
رَل نئیں سکدا تُوں نبی دی آل دے نال

آلِ نبی زکوٰۃ نئیں لے سکدی
توں تے پلیا ایں زکوٰۃ دے مال دے نال

شمس وقَمر دے رُوپ ایہہ دَسدے نے
ہے جَلال وی اوہدے جمال دے نال

رَبّ نوں ویکھے مقصودؔ حبیب میرا
کون رَلے گا اُوہدے کمال دے نال

☼☼☼☼☼

پنجتن علیہم السلام پاک دا کرم

پنجتن پاک دا کرم اے سُنیاں تے
پنجتن پاک ساڈے نال نال رہندے

آلِ نبی دے بن دے غلام جہڑے
مِل دے اُوہناں نوں اعلیٰ کمال رہندے

نامِ علی جے لئیے تے ملے سبھ کُجھ
ناں جواب رہندے نہ سوال رہندے

اوہناں تھاواں نوں کھوے مقصودؔ جنت
جتھے زہرا بتول دے لعل رہندے

✡✡✡✡✡

علی مولا کی اُلفت کا اُجالا

علی مولا کی اُلفت کا اُجالا دل میں رہتا ہے
جبھی تو کیف کا عالم نِرالا دل میں رہتا ہے

محبت مصطفیٰ کی ہی محبت مرتضیٰ کی ہے
فقط یہ ایک الفت کا حوالہ دل میں رہتا ہے

کرم ہے حیدرِ کرّار کا یہ خاص ہی مجھ پر
علی کا عشق ہی ہر دم سنبھالا دل میں رہتا ہے

علی کی ذات مظہر ہے جمالِ مصطفائی کی
علی کا پیار جب ہی لامحالہ دل میں رہتا ہے

علی ہی قوتِ ربانیہ کا ایک جلوہ ہے
علی مولا بفیضِ رب تعالی دل میں رہتا ہے

علی کے ذکر سے مقصودؔ دل کو نُور ملتا ہے
علی کے ذکر کا اک نوری ہالہ دل میں رہتا ہے

☼☼☼☼☼

مُصطفیٰ کے دِلرُبا علیہ السّلام

مُصطفیٰ کے دِلرُبا کی بات ہے
مُرتضیٰ مُشکل کُشا کی بات ہے

جس کی آمد کعبۃُ اللہ میں ہوئی
اُس علی اعلیٰ عُلیٰ کی بات ہے

ہے علی مولا کے گھر زہرا بتُول
کملی والے کی دُعا کی بات ہے

جس کی قوّت قوّتِ پروردگار
حَامیٔ دینِ خُدا کی بات ہے

جس کے بیٹے حضرتِ حسنین ہیں
اُس نبی کے مہ لقا کی بات ہے

جس کو چاہیں آپ جنت بخش دیں
مرتضیٰ کی یہ عطا کی بات ہے

تھی شہادت مقصد و مقصودؔ بس
یہ علی کی ہی وفا کی بات ہے

☼☼☼☼☼

مُشکل کُشا مولا علی علیہ السلام

حیدرِ کرّار ہیں مشکل کشا مولا علی
ہیں غم و آلام میں غم کی دوا مولا علی

ہم کو نسبت مل گئی ہے مصطفیٰ کے نور کی
نورِ شاہِ انبیاء کی ہیں ضیا مولا علی

مشکلوں سے مل گئی مجھ کو رہائی دفعتاً
جب بھی میں نے ہے کہا یا مرتضیٰ مولا علی

سارے ولیوں کے ہیں سارے سلسلے جس سے چلے
وہ ہے سر چشمہ ولایت کا ہوا مولا علی

ہر فضیلت میں بھی یکتائی ملی حیدر کو ہے
تاجدارِ خُلد و جنت بھی بنا مولا علی

جس کو اُلفت مل گئی حیدر کی وہ بخشا گیا
اولیاء کے تاجدار و رہنما مولا علی

کیا کہوں مقصوؔد اپنے دل کی حسرت کیا کہوں
اب نجف مجھ کو بھی دیجئے گا دِکھا مولا علی

☼☼☼☼☼

علی مولا کی عظمت

بیاں آیا ہے قرآں میں علی مولا کی عظمت کا
زمانہ معترف ہے مرتضی کی شان و شوکت کا

علی مولا پہ ہے نظرِ عنایت رَبِّ اکبر کی
مِلا مولا علی کو مرتبہ اعلیٰ امامت کا

رسول پاک نے بھائی کہاں ہے مولا حیدر کو
کسی کو مرتبہ نہ مل سکا ایسی اخوّت کا

علی مولا ولادت میں شہادت میں بھی ہے یکتا
ولادت کعبہ میں رتبہ ہے مسجد میں شہادت کا

مِلی یکتائی حیدر کو نبی کی نظرِ رحمت سے
کوئی جانے گا کیسے مرتبہ شاہِ ولایت کا

میرے مولا علی کی ہے نظر مجھ سے نکمے پر
شرف بخشا جبھی تو ہے مجھے بھی اپنی مدحت کا

یقیں شاہِ نجف پہ مجھ کو تو مقصودؔ مدنی ہے
مجھے پروانہ دیں گے حیدرِ کرّار جنت کا

☼☼☼☼☼

راہِ حق کے رہنما

راہِ حق کے رہنما مُشکل کُشا مُشکل کُشا
حیدر و کشور کُشا مُشکل کُشا مُشکل کُشا

ہیں اخی و دامادِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
تاجدارِ اولیاء مُشکل کُشا مُشکل کُشا

پھر پڑی ہیں مشکلیں آجائے مولا علی
وقت آیا ہے کڑا مُشکل کُشا مُشکل کُشا

دستگیری کیجئے پھر امتِ مرحوم کی
چھایا طوفانِ بلا مُشکل کُشا مُشکل کُشا

آپ ہیں مولا و ناصر ساری امت کے شہا
یا علی المرتضیٰ مُشکل کُشا مُشکل کُشا

پھر پڑی ہیں اُلجھنیں حل کر دیں یا مولا علی
اے نبی کے دِلرُبا مُشکل کُشا مُشکل کُشا

حالِ دل مقصودؔ کا سن لیجئے کیجئے کرم
آپ میرا آسرا مُشکل کُشا مُشکل کُشا

☼☼☼☼☼

محبت علی علیہ السلام سے

کیے جا کیے جا محبت علی سے
ہے مومن کی پہچان اُلفت علی سے

علی مِنّی فرمان ہے مصطفیٰ کا
ہے ملتی جبھی تو ولایت علی سے

ہے مَن کُنتُ مولا عمر سے روایت
عمر نے بھی رکھی اِرادت علی سے

علی عِلم کے شہر کا پاک دَر ہے
مِلی عِلم کی سب کو دولت علی سے

سلونی کہا ہے علی مرتضیٰ نے
نہیں مخفی ہرگز حقیقت علی سے

علی ہادی مہدی علی مولا سب کا
صحابہ نے لی ہے ہدایت علی سے

ہے صدیق اکبر تو صادق علی ہے
ملے گی ملے گی صداقت علی سے

وہ عادل ہیں قاضی وہ سب سے بڑے ہیں
چمکتی ہے اب بھی عدالت علی سے

سبھی اولیاء اللہ کہتے ہیں ملکر
ہمیں تو ملی ہے ولایت علی سے

نبوت کے مقصودؔ خاتم نبی ہیں
چلا سلسلۂ امامت علی سے

☼☼☼☼☼

مُشکل کُشا حیدر علیہ السلام

امامِ اولیاء حیدر امامِ اصفیاء حیدر
ولادت میں شہادت میں ہُوا یکتا میرا حیدر

علی ہے قاسم جنت جسے چاہیں عطا کر دیں
ولایت میں امامت میں مرا ہے رہنما حیدر

بنے بس ایک دوجے کے لیے تھے حیدر و زہرا
نہ کوئی دوسری زہرا نہ کوئی دوسرا حیدر

وہ حیدر ہے کہ جس کے لاڈلے جنت کے شہزادے
ہدایت کا ہے داعی خُلد کا ہے راستہ حیدر

علی مِنّی رسولِ پاک نے ہے آپ فرمایا
نہیں ہوں گے رسول دو جہاں سے اب جدا حیدر

جو مشکل آئے سر پر یاد کر لیتا ہوں حیدر کو
خدا کی ہے عنایت سے میرا مشکل کشا حیدر

کرے حیدر سے جو اُلفت اسی کی اچھی قسمت ہے
کرم بحرِ سخا حیدر ہر اک غم کی دوا حیدر

میری مقصودؔ مدنی زندگی ہی وقفِ حیدر ہے
خدا کی ہے عطائے خاص سے حاجت روا حیدر

☼☼☼☼☼

ہیں تاجدارِ ھل اتیٰ

ہیں تاجدارِ ھل اتیٰ مشکل کُشا علی
ہیں مصطفیٰ کے دِلرُبا مُشکل کُشا علی

کہتے ہیں سارے اولیاء ہر دم علی علی
اعظم بھی ہیں علی علی اقدم علی علی
دونوں جہاں کے رہنما مشکل کُشا علی
ہیں مصطفیٰ کے دِلرُبا مُشکل کُشا علی

ہر اک زباں پہ ہے سدا جاری علی علی
ہیں بخشے ولایتیں ساری علی علی
تفسیرِ شرحِ لافتح مشکل کشا علی
ہیں مصطفیٰ کے دِلرُبا مُشکل کُشا علی

نُورِ خدا کے نُور کا جلوہ علی علی
سلطانِ انبیاء کا ہے نقشہ علی علی
ہے مجتبیٰ و مرتضیٰ مُشکل کشا علی
ہیں مصطفیٰ کے دِلرُبا مُشکل کُشا علی

حُسنِ کرم ہیں فاتحِ خیبر علی علی
نُورِ خدا کا عکسِ منور علی علی
مقصودؔ دو جہاں ہیں مولا علی علی
ہیں مصطفیٰ کے دِلرُبا مُشکل کُشا علی

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام مولا کی اُلفت

علی مولا کی اُلفت دین و ایماں کا سہارا ہے
علی مولا خدا و مصطفیٰ کو سب سے پیارا ہے

علی کی ذات کو ہے چُن لیا شاہِ مدینہ نے
علی کا راستہ ہی خُلد اور جنت کا دھارا ہے

جسے حاصل ہوئی مولا علی کی اعلیٰ نسبت ہے
اُسی مومن کی قسمت کا بلندی پر ستارا ہے

علی مولا سے کرلو پیار گر جنت میں جانا ہے
علی مولا کا ذِکرِ پاک ہی ہر غم کا چارہ ہے

علی مولا سے جس نے کر لیا ہے پیار جیتے گا
علی مولا کا دُشمن دنیا و عقبیٰ میں ہارا ہے

علی مولا کا ذکرِ پاک دل کو چین دیتا ہے
علی مولا ہمارا ہے یہ ہر مومن کا نعرہ ہے

مجھے مقصودؔ مدنی مل گئی اُلفت علی کی ہے
کرم یہ حضرتِ صائم کا بس سارے کا سارا ہے

☼☼☼☼☼

ولائے حیدرِ کرّار علیہ السلام

گُم ہوا ہے جو ولائے حیدرِ کرّار میں
ہو گیا مقبول وہ اللہ کے دربار میں

تین سو آیات کا ہے شانِ حیدر میں نزول
خوبیاں کیا کیا چھپی ہیں آپ کے کردار میں

ہر فضیلت میں ہے اعلیٰ حیدر و صفدر کی ذات
ہے حدیثوں میں یہی اخبار میں آثار میں

جو نہ مانے شانِ حیدر خود کو اس سے دُور رکھ
فائدہ کچھ بھی نہیں ہے بحث و تکرار میں

دشمنانِ دین لرزاں ہیں علی کی ذات سے
نامِ حیدر سے ہے لرزہ آج بھی کفار میں

کون جانے حیدرِ کرّار کے اسرار کو
گُل کھلے عرفان کے حیدر کے لالہ زار میں

میری بھی مقصودؔ مدنی بن گئی ہے بات اب
مدح گوئی کی جو حیدر کی ہے آج اشعار میں

☼☼☼☼☼

مولائے کائنات علیہ السلام

یکتا ہیں ہر کمال میں مولائے کائنات
ارفع ہیں حال و قال میں مولائے کائنات

اُن کو ہے شرف مل گیا قربِ رسول کا
رحمت سے مالا مال ہیں مولائے کائنات

سائل کو ہیں نماز میں خیرات بخشتے
یکتا ہوئے نوال میں مولائے کائنات

کفار پہ تھے برق تپاں کی طرح علی
کامل تھے ہر خصال میں مولائے کائنات

دخترِ رسولِ پاک کی زوجہ علی کی ہے
شامل نبی کی آل میں مولائے کائنات

جس سمت دیکھتا ہوں میں جلوہ علی کا ہے
رہتے ہیں ہر خیال میں مولائے کائنات

مقصودؔ کو نجف کا نظارہ بھی ہو نصیب
اب ہے یہی سوال میں مولائے کائنات

☼☼☼☼☼

علی علی ہے

نبی کا پیارا علی علی ہے
کرم کا دھارا علی علی ہے

وفا کا پیکر علی علی ہے
سخا کا پیکر علی علی ہے
غموں کا چارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

جہاں جہاں بھی میں جا رہا ہوں
علی ہیں دیتے میں کھا رہا ہوں
میرا سہارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

میں اپنی مشکل کہوں علی سے
جہاں کی نعمت میں لوں علی سے
عطا کا تارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

نظر نظر میں علی کے جلوے
نگر نگر میں علی کے جلوے
مرا دلارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

علی ہیں مجھ سے کہا نبی نے
بڑا ہے رتبہ دیا نبی نے
کہو ہمارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

مرا ہے مقصودؔ وہ سہارا
وہی ہے منزل وہی ستارا
مرا کنارا علی علی ہے
نبی کا پیارا علی علی ہے

☼☼☼☼☼

آج آمدِ ہے مولا علی کی

آج آمد ہے مولا علی کی ہر سُو بادل ہیں رحمت کے چھائے
جوم اٹھا ہے سارا زمانہ آج حیدر ہیں تشریف لائے

چاند تارے ہیں کرنیں لٹاتے آج مولا ہیں تشریف لائے
کعبہ کو وجد آنے لگا ہے خیر سے نوری لمحات آئے

رحمتیں آج ماں کو ملی ہیں جس کی خوشیوں کی کلیاں کھلی ہیں
ابو طالب پہ رحمت ہے رب کی مکہ کے راستے جگمگائے

مصطفیٰ کو نہ دیکھا تھا جب تک مرتضیٰ نے نہ کھولی تھی آنکھیں
دیکھا محبوب کو جب علی نے ہو کے خوش تھے علی مسکرائے

آج کے دن کی عظمت بڑی ہے آج آمد علی کی ہوئی ہے
مہک اٹھے ہیں خوشیوں کے گلشن آ کے حیدر نے سب غم بھلائے

مومنو! آج خوشیاں مناؤ جاگ کر آج قسمت جگاؤ
آج مقصودؔ نے بھی خوشی سے یا علی کے ہیں نعرے لگائے

☼☼☼☼☼

علی دے بوہے

علی دے بوہے سب دی جھولی بھری بھری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی دے دیوانیاں نے علی علی کہنا ایں
علی علی کہنا ایں تے سدا راضی رہنا ایں
کھوٹی قسمت علی دے دَر تے کھری کھری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی مولا جگ دا سہارا نالے پیر اے
علی ساڈا مولا اے تے مصطفٰے دا ویر اے
علی دے نام تھیں قیدی ہندے بری بری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی نوں ولایتاں دا تاجدار کہندے نیں
علی دے غلام نام علی دا ای لیندے نیں
ویری سارے علی دے جاندے ہری ہری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

نام علی دا اُچا دکھ ساڈے ٹال دا
پھڑیا اے پلا اساں مصطفیٰ دی آل دا
علی دے نام تھیں بیڑی سبھنوں تری تری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی میرا کدی وی نئیں کافراں توں ہاریا
علی نے حضور اتوں تن من واریا
تائیوں ہے سی موت علی توں ڈری ڈری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی دے وظیفے چ شفاواں ای شفاواں نے
نبی دیاں علی اتے خاص ای نگاواں نے
علی دے دشمن تائیوں جاندے مری مری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

علی جانے مقصود اپنے غلام نوں
علی دا وظیفہ کراں میں تے صبح شام نوں
تائیوں میرا ہر کم جاوے سری سری
ساری دُنیا تائیوں آکھے علی علی

☼☼☼☼☼

نامِ علی علیہ السلام

نامِ علی دا وِرد پکا
ہر اک غم توں بچدا جا

تکنی شان علی دی جے
پاک قرآن نوں کُھول ذرا

غرضاں ساریاں مُک جا سن
حیدری لنگر بھلیا کھا

مُنکر سامنے جے آوے
نعرہ حیدری جُوش تھیں لا

پیار علی دے بچیاں دا
اپنے دل وچ رکھ سدا

رب مقصودؔ ہے رکھ دِتی
نامِ علی دے وِچ شِفا

❖⑤❖⑤❖⑤❖

علی علیہ السلام علی علیہ السلام

علی علی جو دم دم دے نال کہندے نے
اوہ بوہے ناں غیر دے جا کے بہندے نے

جو وی منگتے علی دے بوہے اوندے نے
دَر دَر دے اوہ دھکے کدی نہ سہندے نے

غوث قطب سب علی دے دَر دے منگتے نے
سارے فیض علی دے دَر توں لیندے نے

شان ہے اُچّی پاک علی دے بچیاں دی
نبی دے موہڈیاں تے جو چڑھدے لہندے نے

جہنے پلا پھڑیا حیدر صفدر دا
غم اوہدے ناں باقی کوئی وی رہندے نے

لَحْمُكَ لَحْمِی سوہنے نے فرمایا اے
جھولے تائیوں علی چوں نبی دے پیندے نے

علی دا ہتھ مقصودؔ جہناں دی کنڈ اُتّے
کسے میدان دے وچ وی اوہ ناں ڈھیندے نے

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام لجپال مرا

علی لجپال مرا درداں نوں مٹاندا اے
اپنیاں منگتیاں دی علی جھولی بھری جاندا اے

علی علی وِرد کرو ایہہ دسیا اے ولیاں نے
علی علی آکھیے تے نُور دِلاں وچ آندا اے

علی دے غلاماں نے یاد کرنا ایں سدا علی نوں
علی مولا ولی رب دا ڈگیاں نوں اُٹھاندا اے

اپنے غلاماں نوں سوہنا علی مولا رنگ دا اے
دل نُور و نُور کرے علی مولا چمکاندا اے

سب بھکھ مک جاندی اے دُکھ دُور ہو جاندے نے
دَر دیاں منگتیاں نوں علی رَج کے رجاندا اے

مقصوؔد دے لب اُتّے علی علی دا وظیفہ اے
نام سوہنے مولا علی دا ہر ویلے کم آندا اے

☼☼☼☼☼

مولا علی علیہ السلام دے عاشق

مولا علی دے سچیاں عاشقاں نُوں
دین دُنی وچ رُتبہ کمال ملیا

مینوں کسے وی شے دی لوڑ ناہیں
ویر نبی دا علی لجپال ملیا

چُمی پاک دہلیز اے علی دی میں
میرا عرش تھیں جا کے خیال ملیا

مولا علی مقصوؔد دی بھری جھولی
علی پاک توُں بناں سوال ملیا

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام لجپال کر دا

مشکل وچ جو اوہنوں پُکار دا اے
کرم فوراً اے علی لجپال کردا

بھر دیندا اوہ جھولی اے منگتیاں دی
درِ علی تے جو وی سوال کر دا

مشکل پل وچ حل فرما دیندا
مولا علی اے کرم کمال کر دا

میرا علی کریم مقصوؔد ہر دم
ہے دھیان میرا نال نال کر دا

☼☼☼☼☼

عشقِ علی علیہ السلام وچ

اسیں پکے غلام سرکار دے ہاں
سانوں لوڑ نہیں کناں دے پکھیاں دی

عشقِ علی وچ یار فنا ہو جا
قدر بڑی اے بھانبڑاں مچیاں دی

شان پاک قرآن دے وچ آئی
مولا علی سرکار دے پنجیاں دی

دامن پھڑیا مقصوؔد نے آل دا اے
ملی ازلوں غلامی اے سچیاں دی

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام امام اماماں دا

علی امام اماماں دا اے علی اے ولی اساڈا
رکھ دا سدا خیال اے پورا مولا علی اساڈا
دو جگ دے وچ قبلہ کعبہ اُس دی گلی اساڈا
ہے مقصودؔ اوہ ہر عالم وچ خفی تے جلی اساڈا

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام علی علیہ السلام دے نعرے

علی علی دے نعرے تھاں تھاں تھاں تھاں نام علی دا
اُسدا کیف نہیں مُکدا جہنے پیتا جام علی دا
ہاں مقصودؔ ازل توں میں تے خاص غلام علی دا
تائیوں ذکر پیا ہاں کر دا صبح تے شام علی دا

☼☼☼☼☼

جگ دے پیر علی علیہ السلام دی

سب ولیاں تے ہے سرداری جگ دے پیر علی دی
جگ کر دا اے تابعداری جگ دے پیر علی دی
گھر مقصودؔ دے برکت ساری جگ دے پیر علی دی
شالہ اَج آوے اسواری جگ دے پیر علی دی

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام دی امامت

علی دے سر تے نبی نے رکھیا ہتھیں تاج امامت
کُل ولائت دین دنئ دی علی دی وچ ولایت
کعبے وچ مقصودؔ سی ہوئی علی دی پاک ولادت
جگ دے سچے پیر نے پائی مسجد وچ شہادت

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام علی علیہ السلام ہر کوئی کردا

علی علی ہر کوئی کر دا سب دے نال علی اے
مشکل کیڈی وی آجاوے دیندا ٹال علی اے
رب دے رستے تے دے دینداا پنے بال علی اے
دُکھ مقصودؔ مٹن ناں لیندیاں اسم کمال علی اے

✡✡✡✡✡

وچ نماز علی علیہ السلام

ہو شہید مسیتے دسیا حق دا راز علی نے
جان سی موڑی واپس رب نُوں وچ نماز علی نے
بھر دِتا اے وچ دلاں دے سوز گداز علی نے
دِتی اے مقصودؔ ہمیشہ حق آواز علی نے

✡✡✡✡✡

سُورج پچھے مُوڑے

علی دی پاک نماز لئی مدنی سُورج پچھے موڑے
علی نے لا تکبیر دا نعرہ کوٹ کفر دے توڑے
کٹے ہوئے ہتھ علی نے نال کرم دے جوڑے
سب مقصودؔ علی دے مُنکر رب دو جگ وچ روہڑے

☼☼☼☼☼

علی علیہ السلام داناں

علی داناں جے لیناں ہووے پاک زُبان نُوں کرئیے
علی دا جے ہے نعرہ لاوناں سر سجدے وچ دھرئیے
جد تک ساہ نے دم دم دے نال دم اوسے دا بھرئیے
ہر ویلے مقصودؔ خدا دے قہر دے کولوں ڈرئیے

☼☼☼☼☼

سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا

نُورِ حق کی ضیاء سیّدہ فاطمہ
جانِ نُورِ خدا سیّدہ فاطمہ

آپ ہیں پوری تصویر سرکار کی
نقشِ خیرالوریٰ سیّدہ فاطمہ

آپ کا نامِ نامی جو مَیں نے لیا
سر میرا جھک گیا سیّدہ فاطمہ

عقل میں کس طرح آئے انسان کی
آپ کا مرتبہ سیّدہ فاطمہ

آپ کو حورِ دُنیا کہیں مصطفیٰ
آپ خیر النساء سیّدہ فاطمہ

آپ کے سر پر رب نے سجایا ہے خود
تاج تطہیر کا سیّدہ فاطمہ

آپ کے پردہ کو دیکھ کر خُلد میں
حوریں بھی ہیں فِدا سیّدہ فاطمہ

مادرِ مُشفقہ آپ حسنین کی
زوجۂ مرتضیٰ سیّدہ فاطمہ

جاگنا ساری شب نفل پڑھتے ہوئے
دیکھتا ہے خدا سیّدہ فاطمہ

آپ کی شان و عظمت تو مقصودؔ کی
عقل سے ہے وریٰ سیّدہ فاطمہ

☼☼☼☼☼

زہرا بتول سلام اللہ علیہا

رحمتِ رَبِّ العُلیٰ زہرا بتول
بنتِ شاہِ انبیاء زہرا بتول

ہر فضیلت کے ہے جامع اُن کی ذات
حاصلِ ہر اک ثناء زہرا بتول

اُن کی طینت ان کا جوہر پاک ہے
ہر طہارت کی ضیاء زہرا بتول

خانۂ حیدر کی ہیں وہ روشنی
واقفِ صبر و رضا زہرا بتول

بیٹیاں مقصودؔ کی تیری غلام
میں گدا ہوں آپ کا زہرا بتول

☼☼☼☼☼

بیٹی رسول کی

ہے ملکۂ مُلکِ جناں بیٹی رسول کی
جائے پناہ دارُالاماں بیٹی رسول کی

ہے تاجدارِ ھَل اتٰی شوہر جناب کا
حسنین و زینب کی ہے ماں بیٹی رسول کی

پلتا رہا حق آپ کی آغوشِ پاک میں
حق کی حقیقی ترجماں بیٹی رسول کی

امت کو ہے بچالیا ابنِ بتول نے
ہے عاصیوں کی پاسباں بیٹی رسول کی

سر پر رِدا تطہیر کی جھومر ہے نور کا
عزّ و وقارِ دو جہاں بیٹی رسول کی

مقصودؔ گرچہ پڑ گیا محشر میں واسطہ
مجھ کو بچا لے گی وہاں بیٹی رسول کی

☼☼☼☼☼

رسول کا ہے قرار زہرا سلام اللہ علیہا

رسول کا ہے قرار زہرا
نبی کے گھر کی بہار زہرا
علی کے گھر کا وقار زہرا
رسول اکرم کا پیار زہرا
صلاۃ جاری دوام ان پر
دُرود ان پر سلام ان پر
ہے خُلد کی تاجدار زہرا
علی کی ہے راز دار زہرا
بہشت کی ہے بہار زہرا
ہے عظمتوں کا نکھار زہرا
جہاں میں اونچا مقام ان کا
ہر اک فرشتہ غلام ان کا

خدیجہ کا ہے سُرور زہرا
ہے نُور زہرا ہے نُور زہرا
نجاستوں سے ہے دُور زہرا
ریاضتوں کا شعور زہرا

ہے خلدِ انور کی شان زہرا
عبادتوں کا جہان زہرا

فِدا ہے مقصودؔ ان پہ ہر دم
وہ مالکِ سلسبیل و زم زم
امامتیں ان کے گھر کی قائم
ہے شانِ زہرا عظیم اعظم

جناب زہرا فداک روحی
جناب زہرا فداک امی

☼☼☼☼☼

کرم یا سیّدہ سلام اللہ علیہا

ہو غلاموں پر کرم یا سیّدہ
ہے بڑے بے چین ہم یا سیّدہ

آستاں تیرا ہے رشکِ عرشیاں
سر ولی کرتے ہیں خم یا سیّدہ

تیرے اوصافِ حمیدہ کو بھلا
کیا کرے عاصی رقم یا سیّدہ

آپ سے ہے شجرۂ عترت ہے چلا
اُمِ آلِ محترم یا سیّدہ

کیا لکھوں میں آپ کی عظمت بھلا
ہے یہ لرزیدہ قلم یا سیّدہ

عاصیوں پر بھی نگاہِ لطف ہو
رکھنا ہم سب کا بھرم یا سیّدہ

از سگانِ پنجتن مقصودؔ کا
رکھنا محشر میں بھرم یا سیّدہ

☼☼☼☼☼

زہرا بتول سلام اللہ علیہا

پارۂ خیرالبشر زہرا بتول
عورتوں کی راہبر زہرا بتول

اُن کی عظمت ہے بیان کرتا خدا
پاک سے پاکیزہ تر زہرا بتول

ہیں تیرے دَر پہ سوالی آگئے
دیں سبھی کی جھولی بھر زہرا بتول

بیٹیاں میری تری نوکر بنیں
اُن پہ بھی کر دیں نظر زہرا بتول

مرتضیٰ مشکل کُشا شوہر تیرا
دُور سب آزار کر زہرا بتول

شان میں کوئی نہ تجھ سے بڑھ سکا
فقر کی تو تاجور زہرا بتول

صدقۂ حسنین دیں مقصودؔ کو
کافی ہے بس تیرا در زہرا بتول

☼☼☼☼☼

پیاری سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا

رسول پاک کو سب سے ہیں پیاری سیدہ زہرا
گزاریں یادِ رب میں رات ساری سیدہ زہرا
ہمیں خوفِ جہنم ہو بھلا مقصودؔ پھر کیوں کر
شفیع ہونگی جو محشر میں ہماری سیدہ زہرا

مقامِ سیدہ سلام اللہ علیہا

مقام سیدہ الفاظ میں تو آ نہیں سکتا
کوئی بھی لکھ نہیں سکتا کوئی بتلا نہیں سکتا
مقام سید مقصودؔ بس رَبُّ العُلیٰ جانے
یہ ہے منزل ادب کی کوئی بھی سمجھا نہیں سکتا

پاک بتول سلام اللہ علیہا کی عظمت

بتولِ پاک کی عظمت ہے ارفع سب خیالوں سے
جناب سیدہ ہے شان والی سب حوالوں سے
کسی کو رتبہ یہ مقصودؔ حاصل ہو نہیں سکتا
دیا ہے رب نے اونچا مرتبہ ان کو مثالوں سے

جنابِ سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا

مقامِ فقر میں اعلیٰ جنابِ سیدہ زہرا
ہیں ہر اک شان میں بالا جنابِ سیدہ زہرا
بتائے شان کوئی کیا بھلا مقصودؔ زہرا کی
رسالت کا گلِ رعنا جنابِ سیدہ زہرا

تازہ کلی زہرا سلام اللہ علیہا

رسول پاک کے گلشن کی ہے تازہ کلی زہرا
بڑے ہی ناز سے آغوشِ رحمت میں پلی زہرا
علی کو چن لیا مقصودؔ رب نے سارے عالم سے
جبھی یکجا کیے اللہ نے خود ہیں علی زہرا

جنابِ سیدہ سلام اللہ علیہا

جناب سیدہ ہیں بڑھ کے سب سے شان و عظمت میں
عبادت میں ریاضت میں کرامت میں فضیلت میں
ملی سرداری ان کو دُنیا میں مقصودؔ خالق سے
ملے گی حق سے سرداری انہیں کو باغِ جنت میں

خدا کی بندگی میں

خدا کی بندگی میں سیدہ کی ہر گھڑی گزری
رضا خالق کی بی بی پاک نے تھی ہر گھڑی چاہی
نہیں مقصود ان سا کوئی بھی صابر زمانے میں
وہ سائل کو عطا کر کے تھی رہتی آپ خود بھوکی

مرے محبوب کی بیٹی سلام اللہ علیہا

میرے محبوب کی بیٹی کو عظمت خود خدا نے دی
جہاں کی عورتوں پر ان کو رفعت خود خدا نے دی
جنہیں قرآن پڑھ پڑھ کر تھا پالا پاک زہرا نے
انہیں ہر دَور میں اعلیٰ امامت خود خدا نے دی

سیدِ عالم کی شہزادی سلام اللہ علیہا

جنابِ فاطمہ کا نام ہے برہانِ آزادی
وہ ہیں خاتونِ جنت سیدِ عالم کی شہزادی
وہ ہیں مقصودؔ تُم الفقر کا عرفان ہے جن کو
وہی ہیں جن کے دَر سے داد پالیتا ہے فریادی

ہو بہو تصویر احمد کی

جناب سِیدہ ہیں ہو بہو تصویر احمد کی
جناب سیدہ ہیں مظہر و تنویر احمد کی
جنہیں بضعتہ منی خود کہا مقصودؔ آقا نے
وہ ہیں خاتونِ جنت اور ہیں توقیر احمد کی

جانِ احمد کی ہیں راحت

جانِ احمد کی ہے راحت سیدہ زہرا بتول
مالک و مختارِ جنت سیدہ زہرا بتول
وصف ان کا کس طرح مقصودؔ ہو مجھ سے بیاں
روحِ دیں جانِ سالت سیدہ زہرا بتول

سیدہ زہرا بتول سلام اللہ علیہا

زینت و شانِ امامت سیدہ زہرا بتول
رب عالم کی ہیں رحمت سیدہ زہرا بتول
وہ بتولِ پاک وہ مقصودؔ نورِ مصطفی
مخزنِ رُشد و ہدایت سیدہ زہرا بتول

رازدارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رازدارِ مصطفیٰ ہیں سیّدہ زہرا بتول
نورِ احمد کی ضیاء ہیں سیّدہ زہرا بتول
شان میں مقصودؔ ان کی آیت تطہیر ہے
عورتوں کی رہنماء ہیں سیّدہ زہرا بتول

دُخترِ خیرالورای

دُخترِ خیرالوریٰ ہیں سیّدہ زہرا بتول
نُور ہیں خیرالنساء ہیں سیّدہ زہرا بتول
فقر میں کامل ہیں یہ مقصودؔ لختِ مصطفیٰ
حاملِ صبر و رضا ہیں سیّدہ زہرا بتول

مالکِ ملکِ جناں ہیں

مالکِ ملکِ جناں ہیں سیدہ زہرا بتول
لطف و رحمت کا جہاں ہیں سیدہ زہرا بتول
لختِ دل مقصودؔ ہیں سرکارِ دو عالم کی یہ
زینب و کبریٰ کی ماں ہیں سیدہ زہرا بتول

امِ آلِ مصطفیٰ

سب جہاں کی عورتوں کی رہنما زہرا بتول
سیدہ و امِ آلِ مصطفی زہرا بتول
فقر کا مقصودؔ اُن کو ہے ملا اعلیٰ مقام
خانۂ مولا علی کی ہیں ضیاء زہرا بتول

اُجالا سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا

شان و عظمت کا حوالہ سیّدہ زہرا بتول
میری سوچوں سے ہے بالا سیّدہ زہرا بتول
اُن کی عظمت کا بیاں مقصودؔ کرتا ہے خدا
دین احمد کا اُجالا سیّدہ زہرا بتول

ارفع و اعلیٰ شان کی مالک

جنابِ سیّدہ ہیں ارفع اعلیٰ شان کی مالک
جناب سیّدہ ہیں خُلد کے سامان کی مالک
نہیں مقصودؔ ممکن آپ کی توصیف لفظوں میں
وہی ہیں دین کی مالک وہی قرآن کی مالک

اوہ حسنین دی ماں ایں

پاک بتول دا کون ہے ثانی اوہ حسنین دی ماں ایں
ملک اوہدی رب کیتا روزِ ازل توں باغِ جناں ایں
جنت وچ ہر تھاں توں اچا زہرا پاک دا تھاں ایں
دُکھ مقصود مٹاوندا سارے زہرا پاک دا ناں ایں

جبرائیل چلاوے چکی

ادبوں گردن جھکدی آپے نام اوہدا جد آوے
رو رو جھڑی باپ اپنے دی امت نوں بخشاوے
جبرائیلؑ فرشتہ جسدی چکی پیا چلاوے
شان اوہدی مقصودؔ بھلا کی لفظاں وچ لیاوے

گھر زہرا سلام اللہ علیہا دا

پاک بتول دی شان ہے اُچی اُچا گھر زہرا دا
طیب پاک تے طاہر اطہر سارا گھر زہرا دا
مالک کل ولایت والا ہے شوہر زہرا دا
گھر مقصودؔ دِتّا رحمت تھیں رب نے بھر زہرا دا

آل اطہار نبی دی

آل اطہار نبی دی ساری ہر اک دی سردار اے
آلِ نبی دا پھڑ لے دامن جے توں ہونا پار اے
آل دا جو مقصودؔ ہے دشمن ڈب جاندا وچکار اے
دو جگ دے وچ تریا جہنوں آل دا ملیا پیار اے

بتول سلام اللہ علیہا دے گھر وچ

پاک بتول دے گھر وچ رب دی آئی نعمت ساری
ملی اے پاک بتول نوں سبھناں عورتاں تے سرداری
ہر اک حور جنت دی کر دی اس دی تابعداری
ہے مقصودؔ عمر جس ساری فاقیاں وچ گزاری

عطا ہیں کرتی ضرور زہرا سلام اللہ علیہا

علی کے گھر کا ہے نُور زہرا
زمیں پہ جنت کی حُور زہرا
جو آئے مقصودؔ دَر پہ اُن کے
عطا ہیں کرتی ضرور زہرا

سلام بحضور

شہزادیٔ کونین سلام اللہ علیہا

السلام اے سیّدہ خاتونِ جنت السلام
السلام اے وارثِ ملکِ طہارت السلام

سر فرشتوں کے جھکے ہیں آپ کی دہلیز پر
السلام ہے مالک ہر اک کرامت السلام

السلام اے جگر پارہِ محمد مصطفیٰ
السلام اے قاسمِ ہر ایک نعمت السلام

تیرے دَر پر سر جھکائے ہیں کھڑے ہم سیدہ
السلام اے نور پرور فیض درجت السلام

السلام اے جدّۂ اولاد و آلِ مصطفےٰ
السلام اے گنجِ بہجت کنزِ رحمت السلام

تیرے دَر پر سب مرادیں مل رہی ہیں روز و شب
السلام اے حامیِ دلگیرِ امت السلام

پیش ہیں مقصودؔ کے یا سیدہ لاکھوں سلام
السلام اے مالکِ ہر اک فضیلت السلام

☼☼☼☼☼

سلام بحضور سیدہ سلام اللہ علیہا

سلام اے مخزنِ انوار و رحمت سیّدہ زہرا
سلام اے مرکزِ نور و ہدایت سیّدہ زہرا

سلام اے تاجدارِ دو جہاں کی نُورِ جاں زہرا
سلام اے عاصیوں اور پر خطاؤں کی اماں زہرا

سلام اے زوجۂ شیرِ خدا مولا علی زہرا
سلام اے گلشنِ شاہِ مدینہ کی کلی زہرا

سلام اے سیّدہ زہرا کرم کی انتہا تو ہے
سلام اے سیّدہ زہرا جہاں کا آسرا تو ہے

سلام اے سیّدہ زہرا کے تیری ذات عالی ہے
سلام اے سیّدہ زہرا کے تو دُرِّ لآلی ہے

سلام اے سیّدہ خادم تیرا جبریل ٹھہرا ہے
تیرے پردے کی خاطر دَر پہ عزرائیل ٹھہرا ہے

سلام اے سیّدہ ہر رات سجدوں میں کٹی تیری
جہاں کی عورتوں کی رہنما ہے زندگی تیری

سلام اے سیّدہ زہرا کرم کی انتہا تو ہے
جسے ہیں چومتے آقا کلی وہ لاشبہ تو ہے

سلام اے سیّدہ زہرا تو مالک خلد و جنت کی
جو تیرے در پہ آیا تو نے اس کی پوری حاجت کی

سلام اے سیّدہ زہرا تیرا عالی گھرانہ ہے
تیرے پردے کی حالت جانتا سارا زمانہ ہے

سلام اے آن والی شان والی سیّدہ زہرا
سلام اے صاحبِ قرآن والی سیّدہ زہرا

سلام اے سیّدہ تیری عبادت کو ریاضت کو
سلام اے سیّدہ تیری امامت کو سیادت کو

سلام اے سیّدہ تیری عنایت کو سخاوت کو
سلام اے سیّدہ تیری مروّت کو کرامت کو

سلام اے سیّدہ تیری فصاحت کو بلاغت کو
سلام اے سیّدہ تیری فراست کو شجاعت کو

سلام اے سیّدہ دَر پر ترے آیا سوالی ہے
فقیرِ بے نوا مقصوؔد کی جھولی بھی خالی ہے

☼☼☼☼☼

امامِ حسن علیہ السلام

مصطفیٰ کا نُوری جلوہ ہے حسن
سیّدہ زہرا کا پیارا ہے حسن

اِس کی شانِ فیض تو دیکھو ذرا
آج بھی فیضان دیتا ہے حسن

شان لفظوں میں کہاں آئے بھلا
کیا بتائے کوئی کیسا ہے حسن

پھُول وہ ہے مصطفیٰ کے باغ کا
مرتضیٰ کے دل کا ٹکڑا ہے حسن

اِس پہ رحمت ہے خدا کی دم بدم
نعمتیں اللہ سے لیتا ہے حسن

سائباں ہے وہ غموں کی دھوپ میں
رحمتوں کی نُوری برکھا ہے حسن

مَیں بھی ہوں مقصودؔ اُن کا ہی گدا
میرے بھی دامن کو بھرتا ہے حسن

☼☼☼☼☼

حسن ابنِ حیدر علیہ السلام

نبی کا ہے پیارا حسن ابنِ حیدر
جہاں کا سہارا حسن ابنِ حیدر

نبی کی ہے ہیبت کا نُوری نمونہ
نبی کا ہے نقشہ حسن ابنِ حیدر

صُلح جس کے صدقے ہوئی مومنوں میں
کرم کا وہ دھارا حسن ابنِ حیدر

مجھے مل گئی اُن کی اُلفت کرم ہے
مرے غم کا چارا حسن ابنِ حیدر

شُجاعت کا پیکر مروّت کا پیکر
بڑا دل ہے رکھتا حسن ابنِ حیدر

محبت ہوئی فرض اُس کی ہے سب پر
محبت سراپا حسن ابنِ حیدر

مرے لب پہ مقصودؔ ان کی ثناء ہے
مرا ہے وظیفہ حسن ابنِ حیدر

☼☼☼☼☼

سلام بحضور امام حسن علیہ السلام

سلام اے خُلد کے سرور سلام اے نُور کے پیکر
شبیہہ مصطفیٰ مولا علی کے دِلرُبا شبّر

سلام اے ماہِ عالمتاب کی روشن کرن تو ہے
نبی کا شاہزادہ حُسن دو عالم حسن تو ہے

سلام اے سیّدہ زہرا کی نُوری گود کے پالے
سلامی تجھ کو دینے آتے ہیں خود آسماں والے

سلام اے پارۂ شاہِ مدینہ اے حسن پیارے
تیری تعریف کرتے ہیں کتاب اللہ کے پارے

سلام اے رونقِ کاشانۂ خیرالنساء تُو ہے
سلام اے ماہِ انور "شامِ ظلمت" میں ضیاء تُو ہے

سلام اے حُسنِ محبوبِ خدا کے مظہرِ کامل
سلام اے جرأتِ شیرِ خدا کے مظہرِ کامل

سلام اے سیّدہ زہرا کے گلشن کے گُل رَعنا
اے ریحانِ نبی تُجھ کو رسولِ پاک نے سُونگھا

سلام اے امتِ سرکار کے پُر امن شہزادے
سلامی تجھ کو دینے آتے ہیں سارے فلک زادے

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن رکھوالے اُمت کے
تِری ہی سلطنت ٹھہرے گُلستاں سارے جنت کے

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن رحمت کا طالب ہُوں
رسولِ پاک کے پیارے تری قُربت کا طالب ہوں

سلام اے مجتبیٰ مولا تری شانِ شہادت پر
امن کے پاک شہزادے کیا احسان اُمت پر

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن تیری عطاؤں پر
کرم کرتا ہے تُو ہی عاصیوں اور پُر خطاؤں پر

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن تیری اداؤں پر
کسی بھی وقت گھبرایا نہیں ہے تو بلاؤں پر

سلام اے مجتبیٰ مولا ، تری شانِ کمالی پر
سلام آئیں فرشتوں کے ترے اخلاقِ عالی پر

سلام اے مجتبیٰ مولا امن کا تو ہے شہزادہ
وہی تو حق کا ہے جادہ حسن تیرا ہے جو جادہ

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن کر دو کرم ہم پر
کہ ہیں توڑے ہوئے اہلِ جفا نے اب ستم ہم پر

سلام اے مجتبیٰ مولا حسن نظرِ کرم کر دے
تو نانا جان کے صدقے ہماری جھولیاں بھر دے

مِرے مولا حسن دَر پر ترے مقصودؔ ہے آیا
سلاموں اور دُرودوں کا یہ تحفہ ساتھ ہے لایا

☼☼☼☼☼

واریا کنبہ حُسین علیہ السلام نے

دینِ نبیؐ توں واریا کُنبہ حسین نے
ہر غم نو اپنے سینے سے جھلیا حسین نے

لعل اپنے پیش کیتے سی نانے دے دین توں
کیسا سی رب توں حوصلہ پایا حسین نے

غم نال دُہری ہو گئی سیّد دی سی کمر
قاسم دا لاشہ جس گھڑی چکیا حسین نے

کرب و بلا نوں دِتّا سی جنت سنخی بنا
خون اپنے تھیں سنواریا نقشہ حسین نے

کوئی وی ہور اس طراں ہویا نہیں فِدا
رَب دی رضا نُوں جس طراں مَنیاں حسین نے

سب جنتاں حسین دے ناویں سی لگ گئیاں
اللہ تو ایسا مرتبہ پایا حسین نے

موسیٰ سی جس دے واسطے مقصودؔ ترسدے
خنجر دے ہیٹھ ویکھیا جلوہ حسین نے

☼☼☼☼☼

بیڑی کنڈے تے لائی اے شبیر علیہ السلام نے

کر کے جاناں نوں قربان اسلام دی
بیڑی کنڈے تے لائی اے شبیر نے
آ کے کربل دے وچ نانے دے دین توں
وار دِتی کمائی اے شبیر نے

پُورا پُورا اے جنت دا مُل تاریا
سارے کُنبے نوں شبیر نے واریا
خونِ حیدر تے زہرا دے دودھ پاک دی
لاج رکھ کے وکھائی اے شبیر نے

کیتی پرواہ ذرا سوہنے جاناں دی نہیں
بیعت منّی یزیدی شیطاناں دی نہیں
بول بالا سی حق والا کردا رہیا
کندھ باطل دی ڈھائی اے شبیر نے

جس نے کوثر پلانا تے ورتاوَنا
اوہدے بچیاں لئی پانی دا قطرہ نہیں
فِر وی شکوہ لباں اُتّے آیا نہیں
توڑ لا کے نبھائی اے شبیر نے

نام جسدا شہادت دا عنوان ایں
اوہدا سر پڑھدا نیزے تے قرآن ایں
سِر سی سجدے دیوچ تیغ گردن تے سی
دید حق والی پائی اے شبیر نے

پایا مقصودؔ سیّد نے مقصود سی
راضی کیتا جیویں ہویا معبود سی
من کے رب دی رضا کیتا سب کجھ فِدا
موہ لئی ساری خدائی اے شبیر نے

☼☼☼☼☼

دوہتا نبی دا چھڈ کے

دوہتا نبی دا چھڈ کے طیبہ نوں جا رہیا اے
غم کربلا دا آ کے ہر غم بھلا رہیا اے

نانے دے روضے اتے آج آخری سلام ایں
ماں دا اے روضہ چھٹیا آئی غماں دی شام ایں
بھائی حسن نوں غم دی کہانی سنا رہیا اے

بیمار بچی تائیں بابل دا چھڈ کے جانا
اصغر دا خالی جھولا رو رو جھنے جھلانا
سادات دا اوہ رونا جگ نوں روا رہیا اے

زینب نے وار دتے پھُل باغِ فاطمہ دے
بچے کہیائے ویکھو اے حوصلے نے ماں دے
باغِ نبی دا ہر پھل مہکاں وسا رہیا اے

حُرمل دا تیر کھا کے اصغر نے پیتا پانی
اکبر نے وار دتی اسلام لئی جوانی
خیمے چہ چُک کے سیّد لاشاں لیا رہیا اے

قاسم ہے بنیا دولہا لہو دی لگا کے مہندی
ہر حور راہ اے جہدا جنت چ ویکھو ویہندی
میدانِ کربلا وچ سہرے سجا رہیا اے

لے کے میں پانی آواں سی کر لئی تیاری
بن کے وفا دا پیکر عباس جان واری
بھائی دے نال ویکھو کردا وفا رہیا اے

مکے مدینے والا مقصودؔ اوہ حجازی
خنجر دے ہیٹھ نیتی ایسا اے اوہ نمازی
نیزے دی نوک تے وی قرآں سنا رہیا اے

☼☼☼☼☼

جنت دے والی

جنت دے والی کربل دی تقدیر جگاون آئے نے
اسلام دی ڈبدی بیڑی نوں کنڈے تے لگاوَن آئے نے

شبیر نے چھڈیا طیبہ نوں نانے دا دین بچاون لئی
اللہ دی رضا دے لئی سیّد گھر بار لٹاون آئے نے

کربل وی جنت بن گئی سی جدوں ڈُھلا خون شہیداں دا
تن دن دے پیاسے کربل دی خود پیاس بجھاون آئے نے

اکبر تے قاسم ٹُر گئے نے لگے لیکھے عون و محمد وی
شبیر اُٹھا کے اصغر نوں قربان کراون آئے نے

کی دساں کی کی بیتی اے سیّد دے پاک گھرانے تے
ہنجواں دی برکھا وَرھدی اے اکھیاں وچ ساون آئے نے

تک مَلک فلک تے روپئے سی عباس دے سچے جذبے نوں
بازو کٹوا کے دنداں تھیں جد مشک اُٹھاون آئے نے

مقصودؔ کی دسّے کربل وچ کی زینب اُتّے بیت گئیاں
جد ظالم پردے داراں دے خیمے وی جلاوٴن آئے نے

☼☼☼☼☼

موت یزید دی

موت یزیداں دی سی بن کے سید کربل آیا
سب کجھ دین توں وار کے اپنا کفر نوں روہڑ وکھایا
حق کہیا تے حق تے اڑیا باطل کھوہ وچ پایا
سجدے وچ مقصودؔ سید نے سر ہیسی کٹوایا

☼☼☼☼☼

کربل والے دی نماز

پڑھی نماز جو کربل والے کون بھلا پڑھ سکدا
وانگ حسین جنت وچ کھڑا حُر ورگے کھڑ سکدا
تن دن ترہایا کھڑا وانگ سید لڑ سکدا
جھکدا سر مقصودؔ نہیں حق دا نیزے تے چڑھ سکدا

☼☼☼☼☼

کربل دے وچ آ کے

وار دِتا سی سب کجھ سیّد کربل دے وچ آ کے
چن اصغر نوں وارایا سیّد ہتھاں دے وچ چا کے
اکبر دِتی وار جوانی باپ دا نعرہ لا کے
سب مقصودؔ حسین دے ساتھی دَسدے توڑ نبھا کے

✡✡✡✡✡

تھاں تھاں درکھلارے

پیر شبیر نے وار کے جاناں ڈبدے بیڑے تارے
بھر دِتے اکھیاں وچ اتھرو تھاں تھاں دَرد کھلارے
کسے نہیں بچڑے وار جیویں دین توں سیّد وارے
کیتے سی مقصودؔ حسین نے تیغاں وچ نظارے

✡✡✡✡✡

کربل ملی سوہنے سید

کربل مَلّی سوہنے سیّد چھڈ کے شہر مدینہ
دے دِتّا سی اُمت دے ہتھ حق دا اوس آئینہ
بھاویں روے تے کُرلاوے بیٹی پاک سکینہ
دَس مقصودؔ دِتا سید نے شیراں وانگوں جینا

☼☼☼☼☼

کوثر داوالی حسین

واہ واہ اللہ سوہنیا تیری ہر اک شان نرالی
پانی دا گھٹ ملے ناں اوہنوں جو کوثر دا والی
ناں مقصودؔ حسین اے اوہدا اتھرو جس دی ڈالی
مشکل دے وچ پھنس جہنے دین دی مشکل ٹالی

☼☼☼☼☼

اِک دھی وچ مدینے

کھڑا وانگ حسین سیّد دے بن کے کندھ کھلووے
اک دھی وچ مدینے روندی اک کربل وچ رووے
سیّد آکھیا حق تے رہنا جو ہووے سو ہووے
پر مقصودؔ ناں دین دا بوہا کوئی یزیدی ڈھووے

☼☼☼☼☼

کربل والا پیر

کربل ولا پیر اے سچا سچ دا نعرہ لاوے
کٹیا ہویا سر وی اوہدا پیا قرآن سُناوے
دھی زہرا دی زینب ویر دا پورا ساتھ نبھاوے
دونویں چن مقصودؔ اوہ اپنے مقتل وچ گھلاوے

☼☼☼☼☼

ناں کوئی ویر حسین جہیا

ناں کوئی ویر حسین جہیا ناں زینب جہی ہمشیرہ
وچ کربل دے ویر دے وانگوں صابر رہی ہمشیرہ
گل مقصودؔ جو کیتی ویر نے اوہو کہی ہمشیرہ
ویر دے پچھے پچھے روندی گئی ہمشیرہ

☼☼☼☼☼

لعل علی دے

کربل دے وچ لعل علی دے لاکے توڑ نبھایاں
راہواں ساریاں اُمّت تائیں دِین دِیاں کھُلوایاں
روز ازل توں بھاریاں پنڈاں جو سن سِر تے چایاں
وچ کربل مقصودؔ سیّد نے ساریاں سِر توں لایاں

☼☼☼☼☼

حُسین علیہ السلام دی اے

نبی پاک دے صدقے غلام ہوگئی
خلقت ساری دی ساری حسین دی اے

نبی سوہنے نے چایا اے موہڈیاں تے
کیتی نبی دلداری حسین دی اے

ابراہیم حسین توں وار دِتا
جان نبی نوں پیاری حسین دی اے

قبر حشر وچ کم مقصوؔد آونی
غمخواری تے یاری حسین دی اے

☼☼☼☼☼

کربلا دے خونی میدان

کربلا دے خونی میدان اندر
امتحان دِتا آکے سیّداں نے

دِیو دین دا مُڑ کے جگا دِتا
تیل خون والا پا کے سیّداں نے

سَر بُلند قرآن نوں ہور کیتا
کٹیاں ہتھاں اُتے چا کے سیّداں نے

خُوشی ونڈی مقصؔود جہان تائیں
سارے غم سینے لا کے سیّداں نے

☼☼☼☼☼

قُربان کیتا

کملی والے کریم دے دوہترے نے
جھڑا کم کیتا عالی شان کیتا

گُلشن نبی دا کُتے یزیدیاں نے
ظُلم و جبر دے نال ویران کیتا

کیڈا حوصلہ سخی شبیر دا اے
قاسم اکبر قربان جوان کیتا

چھ مہینے دا اصغر مقصوؔد ویکھو
سیّد ہتھاں تے چُک قربان کیتا

☼☼☼☼☼

حال کربلا دا

حال کربلا دا دساں میں کیویں
خونی منظر نہیں کیتا بیان جاندا

پُچھو باپ کولوں کہ میدان وچّ
پُتر کیویں ہے گھلیا جوان جاندا

کدوں دین وچ رہنی سی جان یارو!
جے ناں سیّد حسین بچان جاندا

قاری ہووے مقصوؔد جے نبی زادہ
فیر نیزے تے پڑھیا قرآن جاندا

☼☼☼☼☼

بیمار دے نال

سب کجھ وار کے دین توں سیّداں نے
وعدہ پورا سی کیتا سرکار دے نال

خالی لے کے کجاوے سی مڑی زینب
طیبہ وچوں سی گئی پراور دے نال

باقی سیّد سی سارے قربان ہوگئے
مُڑیاں بیبیاں کلّے بیمار دے نال

حد صبر دی مُکی مقصوؔد جس تے
کون رلے گا اوہدے کردار دے نال

☼☼☼☼☼

نام حسین علیہ السلام دا

اَج وِی ونڈدا خُمار شہادتاں دا
سُرخ لبالب جام حُسین دا اے

اَج وی غیرت دا سب توں نشان اُچّا
ساری دُنیا وچ نام حُسین دا اے

رُوک سکی نہیں اَجے تک ذرا جناں
چانن شام دِی شام حُسین دا اے

مِلدا جُلدا قرآن دے نال سَارا
سَچّا سُچّا کلام حُسین دا اے

☼☼☼☼☼

امام زین العابدین علیہ السلام

تاجدارِ اولیاء و اصفیاء سجاد ہیں
سارے اہلِ عشق میں اعلیٰ عُلیٰ سجاد ہیں

اُن پہ رحمت خاص ہے اللہ کی رہتی ہر گھڑی
اِس لئے ہی زینتِ آلِ عبا سجاد ہیں

وہ امامِ انبیاء کے گلستاں کے پھُول ہیں
حضرتِ مولا علی کے دِلرُبا سجاد ہیں

واصلِ باللہ ہوئے ذوقِ عبادت سے ہیں آپ
عاشقین و صادقیں کے رہنما سجاد ہیں

اُن کے دربارِ معلّٰی پر ہیں جھکتے تاجور
زین العابدین ہیں گنجِ سخا سجاد ہیں

مرکزیت اُن کو حاصل ہے نبی کی آل کی
سیّد السادات سب کے پیشوا سجاد ہیں

اُن کی مدحت کر رہا مقصودؔ ہوں میں رُوز و شب
میرے مولا اور میرے آسرا سجاد ہیں

☼☼☼☼☼

امام محمد باقر علیہ السلام

حضرت امام باقر حیدر کا نُوری اختر
ہیں اولیاء میں بہتر ہیں اصفیا میں برتر

عِلمِ لدُنی اُن کو حاصل ہُوا خدا سے
سارے جہاں کے عالم جھکتے ہیں اُن کے دَر پر

فضل و کمال میں بھی ان کو ملی بلندی
نسبت سے مصطفیٰ کی ٹھہرے وہ نُوری گوہر

اُن کے ہی دَر پہ دیکھے ہیں سائلوں میں شامل
دُنیا کے تاجور بھی سب دارا و سکندر

محبوبیت کا اُن کو حاصل ہُوا تھا رُتبہ
جب ہی تو اُن کی اُلفت ہے جہاں کے دل کے اندر

اُن کے دَرِ علیٰ پر آتے ہیں اہلِ عرفاں
ہیں بانٹتے جہاں میں عرفاں کی بھیک لے کر

مقصودؔ میری قسمت ہے اس لیے بھی چمکی
دِل میں ہے اُن کی اُلفت قُرب اُن کا ہے میسّر

☼☼☼☼☼

امام جعفر صادق علیہ السلام

نبی کا اختر امامِ جعفر
علی کا گوہر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

علیم بھی تھے حلیم بھی تھے
عظیم و بہتر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

زمانے سارے میں چل رہا ہے
تمہارا لنگر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

ہے جس نے بھی بغض تُجھ سے رکھّا
پھرا وہ دَر دَر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

جو دَر پہ آیا ہے کوئی منگتا
ہے لوٹا لیکر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

یہی ہے مقصودؔ کی تمنّا
یہ آئے دَر پر امامِ جعفر
ہوں تُجھ پہ لاکھوں سلام جعفر

☼☼☼☼☼

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

عالم میں ہے اعلیٰ رُتبہ حضرت موسیٰ کاظم کا
جنت کو ہے جاتا رستہ حضرت موسیٰ کاظم کا

آلِ نبی اولادِ علی ہیں ان کی عظمت دیکھو ذرا
فیض زمانے بھر میں پہنچا حضرت موسیٰ کاظم کا

اُن کی اُلفت ہی ایمان ہے ان سے پیار ہی اپنا دیں
دل میں اپنے پیار ہے رہتا حضرت موسیٰ کاظم کا

عظمت اُن کی، رفعت اُن کی ہر مومن نے مانی ہے
جبھی تو عالم میں ہے چرچا حضرت موسیٰ کاظم کا

فیض علی کا موسیٰ کاظم کے دربار سے ملتا ہے
ہے بغداد میں نُور اُجالا حضرت موسیٰ کاظم کا

مَیں بھی موسیٰ کاظم کے دربار کا ادنیٰ منگتا ہوں
مجھ کو بھی فیضان ہے ملتا حضرت موسیٰ کاظم کا

اُن کی مدح و ثناء میں ہیں مقصودؔ نے جو اشعار لکھے
کرتا ہے یہ عشق تقاضا حضرت موسیٰ کاظم کا

☼☼☼☼☼

امام علی رضا علیہ السلام

ہیں تاجدارِ اولیاء حضرت علی رضا
اہلِ حرم کا مُدّعا حضرت علی رضا

مشہد اُنہیں کے فیض سے تقدیس یاب ہے
دَریا علی کے فیض کا حضرت علی رضا

مہکا رہے ہیں اب بھی دِلوں کے چمن کو آپ
اہلِ نظر کے دِلرُبا حضرت علی رضا

تیرے شہرۂ عِلم کے آگے گرے ہیں سبھی
جن کو کہ زعمِ عِلم تھا حضرت علی رضا

بھوکے پیاسے آ کے ہیں سیراب ہو رہے
ہیں آپ وہ گنجِ سَخا حضرت علی رضا

وہ گلستانِ مصطفیٰ کے نُوری پھول ہیں
ہیں مرکزِ اہلِ صفا حضرت علی رضا

مقصودؔ ہیں محافظِ ایران آپ ہی
ابنِ علی المرتضیٰ حضرت علی رضا

☼☼☼☼☼

امام محمد تقی علیہ السلام

محمد تقی کو ملی شانِ اعلیٰ
ہے پھیلا ہُوا جن کا ہر سُو اُجالا

امامت ملی ہے سیادت ملی ہے
مِلا مرتبہ اُن کو سب سے نِرالا

امامِ رضا کی ہے آنکھوں کی ٹھنڈک
امامت کی آغوش میں جس کو پالا

بہت خوش مقدّر ہے جس کو مِلا ہے
سخی پیارے جواد سے اِک نوالہ

صدا دی ہے دَردو اَلم میں جو اُن کو
محمد تقی نے مصیبت کو ٹالا

چلو آؤ تم ان کے دَر پر تو دیکھو
سلامی کو آتا ہے ہر گورا کالا

مِری بات مقصودؔ کیونکر نہ بنتی
ہوں جواد کی منقبت پڑھنے والا

☼☼☼☼☼

امام علی نقی علیہ السلام

علی نقی کو ملی امامت
ہے اُن کی لازم ہوئی مودّت

وہ عِلم و حکمت کا خاص مَخزن
عطا ہوئی ہے انہیں سعادت

کہاں بھلا عقل جان پائے
علی نقی کا مقام و رفعت

علی نقی کے ہی فیض سے ہے
جہان سارے نے پائی رحمت

وہ خُلق میں ہیں نبی کا نقشہ
علی سے ملتی ہے اُن کی صورت

نبی کے پیغام کے ہیں داعی
ملی صحابہ کی خاص نسبت

علی کا مقصودؔ یہ کرم ہے
جو کر رہا ہوں میں ان کی مدحت

☼☼☼☼☼

امام حسن عسکری علیہ السلام

جانِ مولا علی ہیں حسن عسکری
روشنی روشنی ہیں حسن عسکری

تاجدارِ ولایت امامِ زماں
پنجتن کی کلی ہیں حسن عسکری

عکسِ مولا علی شانِ مولا علی
وہ ولی بن ولی ہیں حسن عسکری

سُن رہے ہیں غلاموں کی فریاد کو
دے رہے آج بھی ہیں حسن عسکری

عِلم کا نُور تقسیم کرتے ہیں وہ
کہ بڑے ہی سخی ہیں حسن عسکری

جن کے دربار کے تاجور ہیں گدا
وہ بہت ہی غنی ہیں حسن عسکری

مَیں بھی مقصودؔ ہوں پنجتن کا گدا
جھولی بھرتے مِری ہیں حسن عسکری

☼☼☼☼☼

امام مہدی علیہ السلام

محمد مہدی کا جو منتظر ہے
وہ قسمت کا دھنی ہے معتبر ہے

انہیں آنا ہے ظُلمت کو مٹانے
یہ دی شاہِ دو عالم نے خبر ہے

ہمارا جانے اب کیا حال ہوگا
جہانِ کفر میں پھیلا یہ ڈر ہے

اندھیرا جانے کو ہے اہلِ ایماں
طلوع ہونے کو اب نُوری سحر ہے

ظہورِ مہدی کا ہے عہدِ نُوری
ترانہ گونجتا ہر ہر نگر ہے

ہے باطل پر جبھی چھائی نحوست
کہ حق آنے کو ہے شر بے ثمر ہے

مری مقصودؔ بگڑی بن گئی ہے
نبی کی آل میری چارہ گر ہے

☼☼☼☼☼

حضرت ابُوطالب علیہ السلام

ابُوطالب نے جو پائی ہے عزت
مِلی ہے سیّدِ عالم کی نسبت

سُلاتے تھے وہ سینے پر نبی کو
نہیں پائی کِسی نے ایسی قُربت

تھے مَاتھا چُومتے پیارے نبی کا
ابُوطالب کی ہے کیسی سعادت

ابُو طالب کو جو مومن نہ سمجھے
نہیں ایماں رہا اس کا سلامت

ابُو طالب کو چاہا ہے نبی نے
عطا اللہ نے کر دی اُن کو جنت

علی بیٹا ، بھتیجا مصطفیٰ ہے
ابو طالب کی ہے دَوہری کرامت

یہ ہے مقصودؔ بھی اُن کا گداگر
جسے حاصل تھا عِرفانِ رِسالت

☼☼☼☼☼

نُوری آئینہ

ابُوطالب نوں مِلیا ایمان اَزلوں
اَوہدا دِل سی نُوری آئینہ بنیاں

جِس وچ بلی توحید دی شمع ہَیسی
ابوطالب دا سچّا اوہ سِینہ بنیاں

ابُو طالب دی جھنے توہین کیتی
رَب دی نظر وچہ اوہ کمینہ بنیاں

ابُو طالب نوں جھنے مقصودؔ منّیاں
سَچّا سُچّا اوہ سُنّی نگینہ بنیاں

☼☼☼☼☼

سند ایمان دی

اُلفت نبی دی سند ایمان دی اے
ابُو طالب نوں اُلفت کمال لبھّی

شُعب ابی طالب اَج وی دَسدی اے
کیویں نبی دی کر کے سنبھال لبھّی

ابو طالب دے گھروں اے نبی مِلیا
اَیہدے گھروں اے نبی دی آل لبھّی

مُنکر مَنّے مقصودؔ یا نہ منّے
شان جو لبھّی لازوال لبھّی

☼☼☼☼☼

چاچا رسولِ مختار دا

علی پَاک دے باپ دِی شان اُچّی
چاچا جہڑا رسُول مُختار دا اے

دادا حسن حسین لجپال دا اے
نعت خوان حبیبِ مختار دا اے

ابُوطالب سرکار دا نام اُچّا
اَج وی ڈُبیاں بیڑیاں تار دا اے

ابُو طالب مقصودؔ حضور اُتّوں
جان مال سارے بچے وار دا اے

☼☼☼☼☼

پہلا نعت خوان

ابُوطالب سردار قریش دا اے
اُچّی وچ حجاز دے شان اوہدی

لَگّی ازلوں سرکار دے نام ہَیسی
مَال اولاد سَرداری تے جان اوہدی

نعت خواں اوہ پہلا سرکار دا اے
کیتی ہَیسی تقلید حسّان اوہدی

رَبّ نے اپنی امَان مقصودؔ آکھی
وِچ قرآن دے وَیکھو امَان اوہدی

☼☼☼☼☼

ایمان دی گل

جھنے سب کجھ نبی توں وَار دِتّا
کوئی دسّے کی اَوس دی شان دِی گل

جھنے نبی تے کامل ایمان رَکھیا
مُلّاں کردا اے اَوہدے ایمان دِی گَل

اَوہدا پالنا ربّ دَا پالنا ایں
مُلّاں سُن دا جاوِیں قُرآن دِی گل

صدقے نبی دے چاپے دی بَن جَانی
ہے مقصوؔد لاچار نادان دِی گل

☼☼☼☼☼

منقبت
حضرت فاطمہ بنتِ اسد سلام اللہ علیہا

کوئی اُن کی کس طرح کر پائے گا عظمت بیاں
جن کو ہیں سرکارِ دوعالم بھی کہتے اپنی ماں

تھے لحد میں اُن کی لیٹے خود شفیعِ دوسرا
اُن کی تُربت چومنے آتے نہ پھر کیوں آسماں

فاطمہ بنتِ اَسد کو ہے مِلا رُتبہ عظیم
پیار اُن سے کر رہے ہیں سیّدِ ہر انس و جاں

سیّدِ کونین کی خدمت میں گذری زندگی
یہ مقدّر اور قسمت ہے انہیں حاصل یہاں

اپنے بچوں سے بھی بڑھ کر مصطفیٰ سے رکھّا پیار
مصطفیٰ کے اُن کے جانے پر ہوئے آنسو رواں

اُن کی مَیں مقصودؔ کیا لکھوں مَدح جبکہ ہیں وہ
نِسبتِ سرکار سے مَمدُوحَۂ صَد قُدسیاں

✡✡✡✡✡

سلام

سلام اے احمدِ مُرسل سلام اے ہادیِ عالم
سلام اے تاجدارِ دو جہاں اے افضل و اکرم

سلام اے ہادیِ دوراں سلام اے خلق کے رہبر
سلام اے خیر کے مصدر سلام اے نُور کے پیکر

سلام اے سرورِ عالم سلام اے عالی و اعظم
سلام اے تاج والے راج والے راحم و ارحم

سلام اے سیدِ اعظم کہ تیری شان عالی ہے
سلام اے رونقِ عالم کہ تیری شان عالی ہے

سلام اے گیسوؤں والے جہاں کا ہے اُجالا تو
خدا کا مہرِ انور تو کرم کا ہے حوالہ تو

سلام اے دلبرِ داور کہ ہے عالی نسب تیرا
سلام اے طیب و طٰہٰ ہر مدثر ہے لقب تیرا

سلام اے طٰہٰ و یٰسین تیری شان عالی ہے
تو رحمت ہے جہانوں کی جہاں کا تو ہی والی ہے

سلام اے شافعِ محشر کرم مقصودؔ پر کرنا
یہ تیرے در کا سائل ہے شہا اِس پر نظر کرنا

❖⑤❖⑤❖⑤❖

ابو احمد مصلح اہلبیت پیر محمد مقصود مدنی کی دیگر مفید کتب
عظمتِ سید الکونین
عظمتِ شہزادی کونین علیہا السلام
عظمتِ اہلبیت علیہم السلام
عظمتِ مولائے کائنات علیہ السلام
عظمتِ حسنین کریمین علیہم السلام
عظمتِ امام علی رضا علیہ السلام